نیوز ریلیز
شعبۂ تعلقات عامہ
سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

(Posted on March 13, 2006)

یوایس ایڈ کی جانب سے زلزلہ سے محفوظ تعمیراتی طریقوں کے متعلق تربیت

اسلام آباد (13 مارچ 2006ء) ___ یوایس ایڈ نے زلزلہ سے محفوظ عمارتوں کی تعمیر کی ضرورت کے پیش نظر ضلع باغ میں چار روزہ ورکشاپوں کے سلسلہ کے انعقاد کے لئے مالی معاونت کی جس کا مقصد مستریوں اور بڑھیوں کو زلزلوں سے محفوظ تعمیراتی طریقے سکھانا تھا۔ چھ یونین کونسلوں کے لگ بھگ تین سو ہنرمندوں نے زلزلہ سے محفوظ ڈیزائینوں کے متعلق تربیت حاصل کی۔

اب جبکہ تعمیراتی مرحلہ نزدیک ہے، زلزلہ سے محفوظ تعمیراتی طریقوں سے آگاہی کی ضرورت شدت سے محسوس کی جارہی ہے۔ 8 اکتوبر کا زلزلہ آنے سے قبل ضلع باغ کے شائد ہی کسی مکین کو یہ پتہ تھا کہ اُن کے گھر ایک غیر محفوظ زمین پر قائم ہیں۔ انہوں نے شاذ و نادر ہی دیواروں اور چھتوں کو سہارا دینے کے لئے ایسے ڈھانچے استعمال کئے اور اکثر اوقات گول اور ناتراشیدہ پتھروں پر گارے سے دیواریں کھڑی کیں۔ یہ مکانات زمین ہلتے ہی منہدم ہوگئے۔ مستریوں اور بڑھیوں نے پتھروں اور لکڑیوں کے ڈھانچوں کو شائد ہی کبھی مضبوط بنایا۔ کنکریٹ کی بڑی بڑی عمارتوں میں ناکافی سریا استعمال کیا گیا۔ ضلع باغ میں زلزلہ کے باعث ہونے والی 8,100 ہلاکتوں کی ایک وجہ ان تعمیراتی طریقوں کے بارے میں عدم آگاہی بھی تھی۔

یوایس ایڈ کی اشتراک کار غیر سرکاری تنظیم GOAL کے زلزلہ کے ایک ماہر انجینئر Kubilay Hicyilmaz وضاحت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ لوگ زلزلہ سے ہلاک نہیں ہوتے بلکہ عمارتوں کے منہدم ہونے سے مرتے ہیں۔

کئی نئے تربیت یافتہ ہنرمند یوایس ایڈ کے عارضی گھر اور تدریسی کمروں کی تعمیر کے منصوبوں میں نئی مہارتوں کو بروئے کار لا رہے ہیں۔ GOAL کے تعاون سے منعقد کی گئیں ان تربیتی نشستوں میں صبح کے سیشن میں مقامی تعمیراتی ڈھانچوں کا ناقدانہ جائزہ لیا جاتا ہے جبکہ سہ پہر کے سیشن میں شرکاء سیکھی گئی تیکنیک بروئے کار لا کر نئے ڈیزائن تیار کرتے ہیں۔

ان ہنرمندوں کو پہلے زلزلہ کی وجوہات کے بارے میں بتایا جاتا ہے اور پھر انہیں گھروں کی تعمیر کے لئے مناسب زمین کے انتخاب اور اس پر مناسب عمارت کی تعمیر کے بارے میں سکھایا جاتا ہے۔ ورکشاپ کے دوسرے دن لکڑی کی تعمیر اور تیسرے دن مستری کے کام جبکہ چوتھے اور آخری دن کنکریٹ اور سریے سے ہونے والی تعمیر کے لئے مختص ہوتا ہے۔ اس ورکشاپ سے اس بات کو یقینی بنایا گیا ہے کہ کاریگروں کو محفوظ تعمیراتی طریقوں کے متعلق مکمل آگاہی ہو۔

چار دن کی تربیت مکمل کرنے والے شرکاء کو ایک سرٹیفکیٹ اور ایک ہزار روپے دیئے جاتے ہیں۔ مقامی میزبان آبادیوں نے تربیت دہندگان

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 3-5279801, 3-5285901

کو ایک ہموار سطح زمین فراہم کی جو مرکزی سڑک سے واضح طور پر نظر آتی ہے۔ اس زمین پر ورکشاپ کے دوران نئے تعمیراتی ماڈل تیار کئے گئے تا کہ دوسرے لوگ بھی اس کا جائزہ لے سکیں۔ یو ایس ایڈ نے اپنے گھر خود تعمیر کرنے والے، ٹھیکیداروں اور غیر سرکاری تنظیموں کے تربیت کنندگان کے لئے بھی اس قسم کی چھ ایک روزہ تربیتی نشستیں منعقد کرنے میں تعاون کیا ہے۔

نیرولہ کے ایک مستری ایم ثقلین بیگ نے اس عملی تربیت کو انتہائی مفید پایا۔ اُن کا کہنا ہے کہ ایک لیکچر سننے کے بعد اپنے ہاتھ سے کام کرنا واقعتاً مختلف ہے۔ ہم نے اس علاقہ میں مضبوط گھر تعمیر کرنے کی بے شمار نئی ترکیبیں سیکھی ہیں۔

امریکہ، یو ایس ایڈ کے ذریعہ پاکستان کو آئندہ پانچ برسوں کے دوران تعلیم، صحت عامہ، نظم ونسق اور اقتصادی ترقی کے لئے ڈیڑھ ارب ڈالر کی امداد فراہم کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ، امریکہ نے پاکستان کے عوام اور حکومت کو زلزلہ سے متاثر علاقوں میں امدادی کاموں اور تعمیر نو کے لئے کُل 51 کروڑ ڈالر دینے کا وعدہ کیا ہے۔